دفتر، چیف پبلک ریلیشنز آفیسر

جامعہ ملیہ اسلامیہ

# اہم پریس ریلیز

New Delhi, April 28, 2025

جامعہ ملیہ اسلامیہ کی ایک خاتون ڈے اسکالر نے کل چھیڑ خانی کے ایک افسوس ناک اور انتہائی قابل مذمت واقعہ کی اطلاع دی تھی۔ سیکوریٹی مشیر اور چیف پراکٹر کے ساتھ ساتھ یونیورسٹی کی پرکٹوریل ٹیم اور سیکوریٹی نے اس پر جلد کاروائی کی اور جامعہ نگر پولیس اسٹیشن کو اس کے متعلق بتایا۔ پولس کی ٹیم یونیورسٹی گیٹ پر آئی اور ملزم کو پکڑ لیا۔

جامعہ نگر پولس اسٹیشن میں طالبہ کی شکایت کے بعد بھارتیہ نیایہ سنہتا (بی این ایس) کے متعلقہ سیکشن کے تحت آج ایف آئی آر درج کر لی گئی ہے۔

ملزم پولس کی حراست میں ہے اور ابھی معاملے تفتیش کی جا رہی ہے۔ سیکوریٹی ایڈوائزاور چیف پراکٹر، جامعہ ملیہ اسلامیہ پولس اسٹیشن جامعہ نگر کے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں اور اس قابل مذمت کام کے ذمہ دار شخص کے لیے جلد اور مناسب کاروائی کو یقینی بنانے کے لیے انھیں تمام ممکنہ مدد اور تعاون دے رہے ہیں۔ جہاں طالبہ زیر تعلیم تھی اس شعبے کے فیکلٹی اراکین اس کی کاؤنسلنگ کر رہے ہیں۔

جامعہ انتظامیہ نے چھیڑ خانی کے اس نا قابل قبول واقعہ کو سنجیدگی سے لیا ہے اور وہ کیمپس میں نظم ونسق کی صورت حال کو برقرار رکھنے کے لیے تمام ضروری اقدامات کر رہی ہے۔ شیخ الجامعہ، مسجل، سیکوریٹی ایڈوائزر، چیف پراکٹر، پروکٹوریل اراکین اور سیکوریٹی ٹیم اور جامعہ کے دیگر عہدیداران گزشتہ رات سے ریگولر گشت کر رہے ہیں تا کہ صورت حال پر قریبی نظر بنائے رکھیں اور جامعہ کیمپس میں طلبہ کو خاص طور سے طالبات کی سیفٹی کے بندوبست اور انتظامات کا جائزہ لے سکیں۔

یونیورسٹی انتظامیہ طالبات کی سیکوریٹی اور خواتین کے خلاف کسی بھی طرح کے تشدد کے تئیں قطعی عدم تحمل کی پالیسی کے تئیں پختہ طور پر پابند عہد ہے۔ یونیورسٹی نے کل کے واقعہ کو صرف جلد حل نہیں کیا بلکہ افسوس ناک حرکت کے لیے ذمہ دار فرد فوری طور پر پکڑا گیا اور یونیورسٹی انتظامیہ نے یونیورسٹی کا متعدد بار گشت لگایا ہے اور یونیورسٹی کمپس میں ہر جگہ جا کر براہ راست صورت حال کو دیکھ رہی ہے تا کہ طلبہ، فیکلٹی اور اسٹاف کے لیے جامعہ کیمپس پرامن رہے۔

**پروفیسر صائمہ سعید**

**چیف، تعلقات عامہ افسر، جامعہ ملیہ اسلامیہ**